Total Number of Questions 08

Roll No............ ..............

# Class 9th

# Term 2nd 2019

**Series-B**

## URDU اُردو

میقات۔ دوم　　　　وقت۔ ڈھائی گھنٹے　　　　نمبرات۔ 40

سوال نمبر۱: درج ذیل اشارات کو غور سے پڑھنے کے بعد کسی ایک حصے کو عنوان دے کر کم از کم ایک سو پچاس الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: (8)

(الف) قدرت نے ہر شے کو کسی مقصد کے تحت پیدا کیا ...... انسان کا بھی کوئی مقصد ہوگا ...... میرا بھی ایک مقصد ہے ...... ڈاکٹر بن کر خدمت کروں ...... غریبوں کا مفت علاج ...... بغیر مقصد کے زندگی بے کار۔

(ب) دورِ جدید میں کھیلوں کی زیادہ اہمیت ...... اب یہ تجارت کا بہترین ذریعہ ...... ملکوں اور قوموں کی عزت ...... بہترین تفریح تو ہے ہی ...... صحیح جسم میں ہی دماغ ...... جسمانی اور روحانی صحت کے لیے ...... فرض شناسی اور وقت کی پابندی وغیرہ۔

(ج) پانی کی قلت ایک عالمگیر مسئلہ ...... پانی کے قدرتی ذرائع ختم ہو رہے ہیں ...... ندی نالوں دریاؤں چشموں کا پانی ناصاف ...... تیسری عالمگیر جنگ پانی پر ...... صاف پانی کے بچاؤ کے لئے تحریک کی ضرورت ...... کیا ہم تیار ہیں۔

سوال نمبر۲: آپ کا بھائی پڑھائی سے جی چرا رہا ہے۔ اُس کے نام ایک خط لکھیے، جس میں اُس پر تعلیم کی اہمیت واضع کی گئی ہو۔

(یا)

اپنے والد کے نام ایک خط لکھیے جس میں اپنی پڑھائی کے متعلق ساری تفصیلات سے انہیں آگاہ کیا جائے۔

(یا)

آپ نے دسویں جماعت کا امتحان پاس کیا ہے اب تعلیم جاری رکھنے کے لئے دوسرے سکول میں داخلہ لینا ہے اپنے سکول کے سربراہ کے نام ڈسچارج سرٹفکیٹ اجراء کرنے کی درخواست لکھیے۔

(06)

سوال نمبر۳: درج ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔ (06)

(الف) حکومت اور قوموں پر زوال کیسے آتا ہے؟

(ب) کرشن چندر نے پونچھ کو روم سے کیوں تشبیہ دی؟

(ج) غالبؔ نے رام پور کی تعریف میں کیا کہا ہے؟

(د) نذیر احمد نے آج کل کی تعلیم کی کون کون سی خامیاں بتائی ہیں؟

(ہ) صمد جو نے جانوروں کی کھالوں میں نیا جسم فٹ کرنے کا فن کس سے سیکھا تھا؟

(یا)

''میں ایک شہر تھا۔ پونچھ'' کا خلاصہ لکھیے۔

سوال نمبر۴: درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کو سلیس اُردو میں لکھیے ۔ مضمون اور مصنف کا حوالہ بھی دیجیے ۔

(04)

(الف) اس لڑکی کو بھی دکان کے باہر ایسا ہی نظر آیا ہوگا ۔ جب ہی تو وہ دکان میں داخل ہو کر بے حد محتاط انداز میں ڈرتے جھجکتے اس تپائی کے پاس چلی گئی تھی اور اس کے منہ سے ایک عجیب آواز نکلی تھی جو نہ چیخ تھی ، نہ کلمہ ، حیرت تھا نہ اظہارِ انبساط تھا ۔ ایک عجیب آواز تھی جو شاید ہر بچے کے منہ سے نکلتی ہے جب وہ پہلی بار سورج کو طلوع ہوتے دیکھتا ہے ۔

(ب) (الف) بھائی تم سیاح آدمی ہو ۔ جہاں جایا کرو ، مجھ کو لکھ بھیجا کرو کہ میں وہاں جاتا ہوں یا جہاں جاؤ وہاں سے لکھو ۔ تمھارے خط کے نہ آنے سے مجھے تشویش رہتی ہے ۔ میری تشویش تم کو کیوں پسند ہے ۔

سوال نمبر۵: (الف) دیئے ہوئے الفاظ سے خالی جگہوں کو پُر کیجیے ۔ (02)

گھاس ۔ شہر ۔ پلے گراونڈ ۔ باغات

ہمارا اسکول ........ کے بیچوں بیچ تھا لیکن ........ شہر سے باہر ........ کے کنارے تھا ۔ اس پلے گراونڈ میں کوئی ........ نہیں اگا تا تھا ۔

(ب) درج ذیل مصادر کے حاصل مصدر لکھیے ؟

(02)

پڑھنا ، ٹوکنا ، خریدنا ، بولنا

سوال نمبر۶: کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے : (04)

کرشن چندر ۔ شہر یار ۔ غالب

سوال نمبر۷: درج ذیل میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیے : (04)

افسانہ ۔ ناول ۔ نظم

(04)

سوال نمبر۸: شاعر کا حوالہ دے کر صرف دو اشعار کی تشریح کیجیے:

ہے ٹھیک یا غلط میرا انداز گفتگو
عابد جو کہنا تھا مجھے وہ کہہ گیا ہوں

اب جی کے بہلنے کی ایک یہی صورت
بیتی ہوئی کچھ باتیں ہم یاد کریں پھر سے

نہ دے اونچائی میرے قد کو بے شک
میری ہر شاخ کو لیکن ثمر دے

پہنا دیا شفق نے سونے کا سارا زیور
قدرت نے اپنے گہنے چاندی کے سب اُتارے